SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۲۰۱۳

# SINDH ACT NO.VII OF 2013

# سندھ رووینیو بورڈ (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۲

# THE SINDH REVENUE BOARD (AMENDMENT) ACT, 2012

## (CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۲۰۱۰ کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of section 3 of Sindh Act No.XI of 2010

۳۔ ۲۰۱۰ کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of section 5 of Sindh Act No.XI of 2010

۴۔ ۲۰۱۰ کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ ٦ کی ترمیم

Amendment of section 6 of Sindh Act No.XI of 2010

۵۔ ۲۰۱۰ کے سندھ ایکٹ نمبر XI میں دفعہ 10-A کا اضافہ

Addition of section 10-A in Sindh Act No.XI of 2010

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۲۰۱۳

SINDH ACT NO.VII OF 2013

سندھ رووینیو بورڈ (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۲

# THE SINDH REVENUE BOARD (AMENDMENT) ACT, 2012

[۱ مارچ ۲۰۱۳]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ روینیو بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ روینیو بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل بنا کر میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ روینیو بورڈ (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۲۰۱۰ کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Act No.XI of 2010

۲۔ سندھ روینیو بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ میں:

(i)ذیلی دفعہ (۳) کے لیئے مندرجہ ذیل طور پر متبادل ہوگا:

"(۳) حکومت کسی بھی شخص یا کسی میمبر کو ایسی شرائط و ضوابط کے تحت اور ایسے عرصہ کے لیئے کو چیئرمین مقرر یا نامزد کر سکتی ہے جیسے وہ طے کرے؛ اور

(ii)ذیلی دفعہ ۸ میں لفظ "حکومت" کے لیئے لفظ "بورڈ" متبادل ہوگا۔

۲۰۱۰ کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ ۵ کی ترمیم
Amendment of section 5 of Sindh Act No.XI of 2010

۳۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۲) کے بعد مندرجہ ذیل نئی ذیلی دفعہ (۳) کا اضافہ کیا جائے گا:

"(۳) بشرطیکہ کوئی بھی چیز اس ایکٹ یا کسی دوسرے قانون، قواعد یا کسی عدالت کے فیصلے کے خلاف نہ ہو، تو بورڈ ایک سلیکشن کمیٹی کے ذریعے جو حکومت کی طرف سے بیان کی جائے، یا جیسے معاملہ ہو، ۱ سے ۲۰ پے اسکیل تک عارضی یا کانٹریکٹ بنیادوں پر کام کرنے والے موجود ملازمین

کے عہدوں کو ضابطہ میں لانے کا مجاز ہوگا، بورڈ اور حکومت یا بورڈ ایسے ملازمین کی مقرری کے لیئے سندھ پبلک سروس کمیشن سے ایسی تقرریاں کرنے یا ایسے تقرریوں کے لیئے قابلیت سے متعلقہ معاملات اور ان کی بھرتی کے طریقوں کے حوالے سے مشورہ کرنے کے لیئے رجوع نہیں کریں گے۔"؛

۲۰۱۰ کے سندھ ایکٹ نمبر XI کی دفعہ ٦ کی ترمیم

Amendment of section 6 of Sindh Act No.XI of 2010

۴۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ٦ میں:

(i)ذیلی دفعہ (۱) میں شق (v) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

"(v-a) محکمہ برائے قانون، حکومت سندھ کا سیکریٹری؛"؛

(ii)ذیلی دفعہ (۲) میں الفاظ "دو میمبر" کے لیئے الفاظ "چار میمبر سے زائد نہیں" متبادل ہوں گے۔

۲۰۱۰ کے سندھ ایکٹ نمبر XI میں دفعہ 10-A کا اضافہ

Addition of section 10-A in Sindh Act No.XI of 2010

۵۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ 10-A شامل کی جائے گی:

"10-A۔ حکومت کے زیر دست قائم کیئے اور چلائے جانے والے سارے سرکارے محکمے، خودمختار باڈیز، کارپوریشنز بورڈ کے عملداروں کو ضروری مدد فراہم کریں گے۔"۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا**